بسم الله الرحمن الرحيم

فضائل واعمال

مسجد کوفہ

ترجمہ:

علامہ سید افتخار حسین نقوی النجفی

مرکز تحقیقات منتہائے نور، اسلام آباد

تعارف کتاب

نام کتاب	:	فضائل واعمال مسجد کوفہ
ترجمہ	:	علامہ سید افتخار حسین نقوی النجفی
نظر ثانی	:	محمد نقی
کمپوزنگ و سرورق	:	شاہد علی جعفری
سال اشاعت	:	۲۰۲۴ء
قیمت	:	
ناشر	:	منتہائے نور مرکز تحقیقات، اسلام آباد
کتاب ملنے کا پتہ	:	دانیال پلازہ، چٹھہ بختاور، پارک روڈ اسلام آباد
فون	:	+92-333-1910220
ویب سائٹ	:	www.muntahaenoor.com

فہرست

کوفہ اور "مسجد کوفہ" کی فضیلت 9
مسجد کوفہ کی فضیلت.. 9
قرآن کریم میں مسجد کوفہ کا ذکر 10
مسجد کوفہ کے بارے احادیث.. 12
مسجد کوفہ میں نماز پڑھنے کی فضیلت.................................... 19
مسجد کوفہ تمام جگہوں سے بہترین جگہ 21
مسجد کوفہ جنت کے محلات میں سے ایک محل.............................. 22
مسجد کوفہ پہلی جگہ جہاں اللہ کی عبادت ہوئی 22
جمعہ کے دن ظہر سے پہلے مسجد کوفہ سے باہر نکلنا مکروہ ہے................... 22
مسجد کوفہ میں اعتکاف بیٹھنا 23
مسجد کوفہ کی قدامت.. 23
مسجد کوفہ کی سب سے پہلے بنیاد....................................... 25
مسجد کوفہ امام مہدیؑ کے فیصلوں کی جگہ.................................. 28
مسجد کوفہ کے اعمال 30
دکۃ القضاء کے اعمال.. 32
"بیت الطّست" کے اعمال... 33
مقام النبی ﷺ یا دکۃ المعراج 34
مقام حضرت آدمؑ کے اعمال 35
مقام حضرت جبرئیل علیہ السلام کے اعمال 40
مقام امام زین العابدین علیہ السلام کے اعمال 41
اعمال باب الفرج (مقام نوحؑ)... 42

مقام نوح علیہ السلام کے اعمال................................ 43
مقام نوح علیہ السلام پر نماز حاجت................................ 43
محراب امیر المؤمنین کے اعمال................................ 45
مناجات امیرالمومنین علیہ السلام 45
دکۃ امام جعفر صادق کے اعمال................................ 47
مسجد کوفہ میں نماز حاجت 47
زیارت مسلم بن عقیل علیہ السلام................................ 48
زیارت ہانی بن عروہ رضوان اللہ علیہ................................ 50
زیارت مختار ثقفی رضوان اللہ علیہ 51
مسجد کوفہ کے متعلق معلومات................................ 51

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اسلام میں مساجد کا بہت زیادہ احترام اور مقام ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے مساجد کو اپنی ذات کے ساتھ تعلق قرار دیا ہے اور اسے اپنی وحدانیت کے بیان کی جگہ قرار دیا ہے۔ سورۂ جن آیت: ۱۸: ''وَّ اَنَّ الۡمَسٰجِدَ لِلّٰہِ فَلَا تَدۡعُوۡا مَعَ اللّٰہِ اَحَدًا'' ترجمہ: ''مساجد اللہ کے ساتھ خاص ہیں اور اللہ کے ہمراہ کسی اور کو مت پکارو۔'' یعنی یہ مساجد اللہ کے لیے خالص ہیں، دعا کے واسطے جگہیں ہیں، اللہ تبارک و تعالیٰ نے سورہ اعراف کی آیت ۲۹ میں ارشاد فرمایا: ''وَ اَقِیۡمُوۡا وُجُوۡہَکُمۡ عِنۡدَ کُلِّ مَسۡجِدٍ وَّ ادۡعُوۡہُ مُخۡلِصِیۡنَ لَہُ الدِّیۡنَ ۬ۚ کَمَا بَدَاَکُمۡ تَعُوۡدُوۡنَ۔'' ترجمہ: اور یہ کہ ہر عبادت کے وقت تم اپنی توجہ مرکوز رکھو اور اس کے مخلص فرمانبردار بن کر اسے پکارو، جس طرح اس نے تمہیں ابتدا میں پیدا کیا ہے اسی طرح پھر پیدا ہو جاؤ گے۔

یہاں پر بتایا گیا ہے کہ اپنی فناء ہونے والی زندگی میں اللہ تعالیٰ سے مدد مانگو تاکہ آخرت کی ابدی زندگی کے لیے کچھ حاصل کر لو۔ اُخروی زندگی کی دعا اسی فانی زندگی میں رہتے ہوئے مانگنی ہے اور مساجد ایسی جگہیں ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے رُوح کی تربیت، ایمان کی مضبوطی اور زندگی کی مشقتوں اور سختیوں سے جسم کو راحت اور سکون پہنچانے کے لیے قرار دیا ہے۔ انسان مساجد میں آکر اپنے خالق سے رابطہ کرتا ہے تاکہ نفسیاتی طور پر مضبوط ہو اور اس کی رُوح کو طاقت ملے۔ چونکہ روح ہی انسان کی جسمانی طاقت کا سرچشمہ ہے جس کے ذریعے وہ اللہ تعالیٰ کے کامل ترین نظام جو اس نے اپنی مخلوق کے واسطے قرار دیا ہے اس میں اپنی حیات کو جاری رکھ سکتا ہے اور اپنی دُنیا کے معاملات اور کاموں کو انسانیت کے راستے میں جاری و ساری رکھتا ہے اور اسے منظّم کرتا ہے۔

انسان جب اللہ کے گھر کا رُخ کرتا ہے تو اسے چاہیے کہ وہ اپنے رب تعالیٰ سے ملاقات کے لیے آمادہ ہو کر جائے اور اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کے سپرد کرے اور اپنے آپ کو اس طرح خوبصورت بنائے کہ وہ اپنے رب کے سامنے کھڑا ہونے کے لائق ہو اور جس طرح عبادت کا حق ہے اس طرح اللہ کی عبادت کرے اور یہ عبادت جب مساجد میں ہو، مساجد اللہ کے گھر ہیں، اللہ تعالیٰ نے سورۂ الاعراف کی آیت ۳۱ میں فرمایا ہے:

"يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ۔"

ترجمہ: اے بنی آدم! ہر عبادت کے وقت اپنی زینت (لباس) کے ساتھ رہو۔

یہ احکام عمومی طور پر ہر مسجد کے لیے ہیں۔ ان مساجد میں ایک مسجد؛ مسجد الکوفہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کی خلقت سے پہلے اس جگہ کو فرشتوں کی عبادت گاہ بنایا تھا۔ وہ اس جگہ پر اپنے خالق اور اپنے رب کی عبادت کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے قسم قسم کی نعمات ان کو عطاء کی ہوئی تھیں۔ اللہ کے ولی حضرت امام علی علیہ السلام نے اسے اپنی عادلانہ اور انصاف پر مبنی حکومت کے لیے نقطہ آغاز بنایا اور اپنے تہجد کے لیے محراب قرار دیا اور دن و رات کے اوقات میں اسی جگہ عبادت کرتے تھے۔ یہی جگہ آپ کی شہادت کی جگہ ہے۔ اللہ کے نبی ﷺ نے امام علی علیہ السلام کو جو وعدہ دیا تھا کہ وہ مسجد میں شہادت کے رتبہ کو پائیں گے اور کامیاب ہوں گے، وہ وعدہ سچا ہوا اور آپ کی ریش مبارک اسی جگہ خون سے رنگین ہوئی اور شہادت کے درجہ پر پہنچے۔ یہی مسجد مستقبل میں اللہ تعالیٰ کے وعدہ کو عملی جامہ پہنانے کا مقام ہوگا۔ جہاں حجت اللہ امام مہدی (عج) کی حکومت قائم ہو گی جس میں زمین پر عدل و انصاف قائم ہوگا جس طرح اس سے پہلے زمین ظلم و جور سے بھر چکی ہو گی۔

یہ وہ عظیم مسجد ہے جس میں دعائیں قبول ہوتی ہیں، نمازوں کا ثواب کئی گنا بڑھ جاتا ہے، حاجات پوری ہوتی ہیں اور یہاں پر بیٹھے ہوئے نفوس اور آنے والے نفوس راحت محسوس کرتے ہیں اور اللہ کے آگے جھکتے نظر آتے ہیں اور ایسے لگتا ہے جیسے آدمی بیت الحرام میں بیٹھا ہو۔ اس میں اعتکاف بیٹھ سکتا ہے، نماز واجب پڑھ سکتا ہے اور بڑے بڑے بزرگ علماء نے یہ فتویٰ دیا ہے کہ مسجد الکوفہ میں مسافر نماز کو قصر کی بجائے پوری پڑھ سکتا ہے۔ لوگ دُور دُور سے آتے ہیں اور اس مسجد میں بیٹھ کر عبادت کرتے ہیں اور اللہ تبارک و تعالیٰ سے رحمت مانگتے ہیں۔

کوفہ اور ''مسجد کوفہ'' کی فضیلت

امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام نے اپنی مبارک خلافت کے دنوں میں فرمایا: ''اے کوفہ والو! اللہ تبارک و تعالیٰ نے تم کو ایک ایسا عطیہ دیا ہے جو کسی اور کو نہیں ملا۔ تمہاری نماز کی جگہ کو فضیلت دی ہے۔ اسی جگہ پر وہ مصلیٰ ہے جہاں آدمؑ کا گھر ہے، نوحؑ کا گھر ہے،ادریسؑ کا گھر ہے، ابراہیم خلیل اللہؑ کا مصلیٰ ہے ان کے بھائی خضرؑ کی نماز کی جگہ ہے، میری نماز کی جگہ ہے۔ تمہاری یہ مسجد ان چار مسجدوں میں سے ایک ہے جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے خاص بندوں کے لیے منتخب کیا۔ میں دیکھ رہا ہوں کہ یہ مسجد قیامت کے دن دو سفید کپڑوں میں احرام باندھے ہوئے شخص کی شکل میں اپنے اہل اور اس مسجد میں نماز پڑھنے والوں کے لیے شفاعت کرے گی اور اس کی شفاعت رد نہیں ہو گی۔ دن گزرتے جائیں گے یہاں تک کہ حجر اسود اس میں نصب ہو گا۔ ایسا زمانہ آئے گا کہ ضرور یہ میری اولاد سے امام مہدی علیہ السلام کی نماز کی جگہ ہو گی اور ہر مومن کی نماز کی جگہ ہو گی اور زمین میں کوئی بھی مومن نہیں بچے مگر یہ کہ اس کا دل اسی کی طرف متوجہ ہو گا۔ تم اس کو مت چھوڑو، اس میں نماز کے ذریعہ اللہ کا قرب حاصل کرو، اس میں آکر اپنی حاجات مانگو اور امید رکھو کہ تمہاری حاجات یہاں پوری ہوں گی۔ اگر لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ اس مسجد میں کیا برکت ہے تو زمین کے کونے کونے سے یہاں پر آئیں اگرچہ برف کے اوپر گھٹنوں کے بل چل کر کیوں نہ آنا پڑے۔''[1]

مسجد کوفہ کی فضیلت

بیت اللہ الحرام کے علاوہ جتنی بھی مساجد ہیں ان مساجد میں قدیم ترین مسجد ''مسجد کوفہ'' ہے جیسا کہ سیر و تواریخ کی کتابوں میں یہ بات آئی۔

روایات میں بیان ہوا ہے کہ یہ جگہ حضرت آدم علیہ السلام کی خلقت سے پہلے فرشتوں کی عبادت گاہ اور مبارک جگہ تھی۔ اللہ تعالیٰ نے اس میں برکت ڈالی۔ یہ ہمارے بابا آدم علیہ السلام اور

[1] ۔امالی شیخ صدوقؒ، صفحہ ۲۹۸۔

ان کے بعد آنے والے انبیاء و رسل علیہم السلام اور اولیاء اور صدیقین کی عبادت کی جگہ تھی۔ اللہ تعالیٰ کے ہاں اس کی فضیلت کے لیے اتنا کافی ہے کہ مسافر جو اپنی نماز کو قصر پڑھتا ہے اسے چار جگہوں پر اختیار ہے کہ نماز قصر پڑھے یا پوری، ان میں سے ایک مسجد کوفہ ہے۔

مسجد کوفہ کی فضیلت بارے بہت ساری روایات آئی ہیں۔ ہمارے علماء آئمہ اطہار علیہم السلام کے زمانے سے آج تک اس کی فضیلت اور عظمت کو بیان کرتے آئے ہیں۔ جو بھی اس مسجد میں عبادت کرتا ہے اس کے لیے بڑا اجر ہے۔ تواریخ اور سیر کے مصنفین خواہ وہ شیعہ ہوں یا اہل سنت ہوں سب نے اس کی فضیلت کے متعلق بڑی تفصیلی تحریریں لکھی ہیں۔ بیت اللہ الحرام اور مسجد نبوی ﷺ کے علاوہ جتنی بھی مساجد ہیں ان سب میں مسجد کوفہ کی زیادہ فضیلت ہے۔

قرآن کریم میں مسجد کوفہ کا ذکر

قرآن میں آیات آئی ہیں جن میں مسجد کوفہ کی فضیلت کا بیان ہے۔ ان میں سے بعض آیات کو ان کی تفسیر کے ساتھ ذکر کرتے ہیں:

۱۔ ”رَّبِّ اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَن دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَّ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتِ“[1]

ترجمہ: میرے رب! مجھے اور میرے والدین کو اور جو ایمان کی حالت میں میرے گھر میں داخل ہو اور تمام مومن مردوں اور عورتوں کو معاف فرما۔

ابو سعد الخراسانی کہتے ہیں کہ میں نے ابوالحسن امام رضا علیہ السلام کی خدمت میں عرض کیا: ”امیر المومنین علیہ السلام اور امام حسین علیہ السلام میں سے کس کی قبر کی زیارت کرنے کی زیادہ فضیلت ہے؟ آپؑ نے فرمایا: تم کہاں پر رہتے ہو؟ راوی کہتا ہے میں نے عرض کیا: میں کوفہ میں رہتا ہوں۔ آپؑ نے فرمایا: مسجد کوفہ نوح علیہ السلام کا گھر ہے، اگر کوئی شخص اس مسجد میں سو مرتبہ داخل ہو تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے سو مغفرت لکھے گا کیونکہ اس میں نوح علیہ السلام کی دعا موجود ہے۔

[1]۔ سورہ نوح آیت، ۲۸۔

نوح علیہ السلام کی دعا یہ ہے:

"رَّبِّ اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَن دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنٰتِ"

"میرے رب! مجھے اور میرے والدین کو اور جو ایمان کی حالت میں میرے گھر میں داخل ہو اور تمام مومن مردوں اور عورتوں کو معاف فرما۔" راوی کہتا ہے کہ میں نے عرض کیا: اپنے والدین سے اُنہوں نے کون مراد لیا ہے؟ آپؑ نے فرمایا: آدم اور حواء علیہما السلام۔

مسجد کوفہ چونکہ حضرت نوح علیہ السلام کا گھر ہے تو جو بھی مسجد کوفہ میں داخل ہو گا وہ حضرت نوح علیہ السلام کی اس دعا میں شامل ہے جو حضرت نوح علیہ السلام نے مانگی ہے۔

۲۔ "وَّ اٰوَيْنٰهُمَآ اِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَّ مَعِيْنٍ"[1] ترجمہ: اور انہیں ہم نے ایک بلند مقام پر جگہ دی جہاں اطمینان تھا اور چشمے پھوٹتے تھے۔

ابو سعید الاسکافی نے ابو جعفر امام باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا "وَّ اٰوَيْنٰهُمَآ اِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَّ مَعِيْنٍ" اس آیت میں "ربوۃ" سے کوفہ، "قرار" سے مسجد کوفہ اور "معین" سے دریائے فرات مراد ہے۔

۳۔ "وَ التِّيْنِ وَ الزَّيْتُوْنِ ۙ وَ طُوْرِ سِيْنِيْنَ وَ هٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ"[2] ترجمہ: قسم ہے انجیر اور زیتون کی اور طور سینین کی اور اس امن والے شہر کی۔

موسیٰ بن بکر نے ابو الحسن امام موسیٰ بن جعفر علیہ السلام سے، انہوں نے اپنے بابا سے، انہوں نے اپنے آباء سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے شہروں سے چار کا انتخاب کیا، التین اور زیتون، طور سینا اور بلد الآمین۔ التین المدینہ ہے، زیتون، بیت المقدس ہے، طور سینا کوفہ ہے اور بلد الآمین مکہ ہے۔

---

[1] ۔ سورہ مومنون، آیت، ۵۰۔

[2] ۔ سورہ التین، آیت، ۱تا۳۔

کوفہ کو طور سینین کہا گیا ہے کیونکہ اس کی پشت پر نجف ہے اور وہ سید الاوصیاء امام علی علیہ السلام کے مناجات کی جگہ ہے۔ جس طرح طور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مناجات کی جگہ ہے۔ یہ وہ پہاڑ ہے جس جگہ نبی موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کے دیدار کا سوال کیا تو وہ ٹکڑے ہوا اور اس کا ایک حصہ کوفہ کی پشت پر آیا یا یہ ہے کہ جو کوفہ کی پشت پر ہے یعنی نجف الاشرف یہ خود ہی حقیقت میں طور سینا ہے۔

مسجد کوفہ کے بارے احادیث

علامہ مجلسیؒ نے بحار الانوار کی بائیسویں جلد میں لکھا ہے (اسناد کو چھوڑتے ہوئے) : حبۃ العرنی اور میثم الکنانی نے کہا کہ ایک آدمی علی علیہ السلام کے پاس آیا اور آکر عرض کیا: یا امیر المومنین علیہ السلام! میں نے سفر کے لیے کچھ سامان خریدا ہے، سواری لی ہے اور اپنی ضروریات کو پورا کیا ہے، میں بیت المقدس جانا چاہتا ہوں۔ آپؑ نے فرمایا: ''تم جاؤ اور اپنی سواری کو بیچو اور جو توشہ اکٹھا کیا ہے اسے کھاؤ اور پیو اور مسجد کوفہ میں رہو کیونکہ مسجد کوفہ چار مساجد میں سے ایک ہے جس میں دو رکعت نماز بہت ساری مساجد میں پڑھی گئی کئی نمازوں کے برابر ہے۔ اس کی برکت ۱۲ میل جہاں سے تم آئے ہو پھیلتی ہے۔ اور اس کے کونے میں تنور ہے جہاں سے پانی نکلا اور حضرت نوح علیہ السلام کا طوفان آیا اور پانچواں ستون جس میں ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام نے نماز پڑھی اور اس میں ہزار نبی، ہزار وصی نے نماز پڑھی۔ اس میں موسیٰ علیہ السلام کا عصاء ہے، سلیمان علیہ السلام کی (خاتم) انگوٹھی ہے، یقطین کا درخت ہے اور اس کے درمیان میں جنت کے باغوں سے ایک باغ ہے اور اس میں تین چمکتے دمکتے چشمے ہیں، ایک چشمہ ہے جس میں پانی ہے، ایک چشمہ ہے جس میں دھن یعنی تیل ہے، ایک چشمہ ہے جس میں دودھ ہے اور یہاں سے پلیدی دور ہوتی ہے، مومنین پاک ہوتے ہیں۔ اس میں نوح نبی علیہ السلام نے نماز پڑھی اور اس میں یغوث اور یعقوق ہلاک ہوئے اور قیامت کے دن ستر ہزار محشور ہوں گے کہ ان پر کوئی حساب وکتاب نہیں ہوگا۔ اگر لوگوں کو معلوم ہو کہ اس میں کیا فضیلت ہے تو وہ گھٹنوں کے بل رینگتے ہوئے چل کر یہاں پر آئیں۔

علامہ مجلسیؒ نے مزید بیان کیا ہے کہ حماد بن زید الحارثی کہتے ہیں کہ میں جعفر بن محمد علیہما السلام کے پاس آیا؛ کوفیوں سے گھر بھرا ہوا تھا۔ ان میں سے ایک آدمی نے پوچھا: یاابن رسول اللہ ﷺ ! میں مسجد سے دُور ہوں اور میری حیثیت نہیں ہے کہ میں مسجد میں نماز پڑھوں۔ آپؑ نے فرمایا: مسجد میں آؤ کیونکہ اگر لوگوں کو پتہ چل جائے کہ مسجد کوفہ کی کیا فضیلت ہے تووہ گھٹنوں کے بل رینگتے ہوئے مسجد میں پہنچیں۔ اس نے کہا: میں مصروف رہتا ہوں۔ آپؑ نے فرمایا: مسجد میں آؤ، مسجد کو مت چھوڑو اگر ممکن ہو تیرے لیے۔ اس کی دائیں جانب کندہ دروازے کے پیچھے مقام ابراہیم علیہ السلام ہے اور پانچویں جگہ جبرئیل علیہ السلام کا مقام ہے۔ اس ذات کی قسم! جس کے قبضے میں میری جان ہے اگر لوگوں کو اس مسجد میں نماز پڑھنے کی فضیلت کا پتہ چل جائے تو اتنا رش کریں جس کاآپ تصور نہیں کر سکتے۔

شیخ صدوق نے کتاب امالی میں ھارون بن خارجۃ سے روایت کی ہے کہ اس نے کہا: ابو عبد اللہ علیہ السلام نے مجھ سے پوچھا کہ تیرے اور مسجد کوفہ کے درمیان ایک میل کا فاصلہ ہو گا؟ میں نے کہا: نہیں! آپؑ نے فرمایا: مسجد میں ساری نمازیں پڑھتے ہو؟ میں نے کہا: نہیں۔ امامؑ نے فرمایا: اگر میں وہاں موجود ہوتا تو کوئی ایک نماز بھی مسجد کے علاوہ نہیں پڑھتا۔ تمہیں پتہ ہے کہ اس میں کتنی فضیلت ہے؟ کوئی بھی نبی نہیں آیا، کوئی بھی نیک بندہ نہیں آیا مگر یہ کہ اس نے مسجد کوفہ میں نماز پڑھی۔ رسول اللہ ﷺ کو جب آسمان کی طرف لے جایا گیا تو جبرئیل علیہ السلام نے آپؐ کے لیے فرمایا: اے محمد ﷺ ! آپ کو معلوم ہے کہ آپ اس وقت کہاں ہو؟ آپؐ نے پوچھا: کہاں ہوں؟ آپؐ کوفان کی مسجد کے سامنے ہیں۔ پھر کہا کہ اجازت دو کہ میں اس جگہ دو رکعت نماز ادا کر لوں۔ پھر وہاں پر آپؐ اُترے اور دو رکعت نماز پڑھی۔ اس کے سامنے جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے اور دائیں اور بائیں جانب بھی جنت کے باغات سے باغ ہیں اور درمیان میں بھی جنت کے باغوں میں سے باغ ہے، اس کے پیچھے بھی آگے بھی۔ اس میں فریضہ نماز ہزار رکعت کے برابر ہے، نافلہ نماز پانچ سو نمازوں کے برابر ہے اور اس میں بغیر نماز کے بیٹھنا اور بغیر ذکر کے ایسے ہی بیٹھنا

بھی عبادت ہے۔ اگر لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ اس میں آنے کا کی فضیلت اور کیا شان ہے تو وہ آئیں اور گھٹنوں کے بل بھی کیوں نہ چلنا پڑے، رینگتے ہوئے ہی کیوں نہ آنا پڑے۔

امالی اور بحارالانوار میں محمد بن الحسین اور ھارون بن خارجۃ سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ''تیرے گھر اور مسجد کوفہ کے درمیان کتنا فاصلہ ہے؟ راوی نے کہا: میں نے بتایا (اتنا فاصلہ ہے)۔ آپؑ نے فرمایا: کوئی بھی مقرب فرشتہ نہیں، کوئی رسول و نبی نہیں، کوئی نیک بندہ نہیں کہ جو کوفہ میں آیا ہو اور اس نے اس مسجد میں نماز نہ پڑھی ہو۔ رسول اللہ ﷺ شب معراج یہاں سے گزرے تو جو فرشتہ آپ کو لے کر جا رہا تھا اس سے یہاں پر نماز پڑھنے کا کہا اور یہاں پر نماز ادا کی۔ اس مسجد میں ایک واجب نماز ہزار رکعت کے برابر ہے اور نافلہ پانچ سو نمازوں کے برابر ہے اور اس میں بیٹھنا بھی عبادت ہے۔ اس میں آیا کرو چاہے تمہیں رش اور بھیڑ سے ہی کیوں نہ گزر کر آنا پڑے۔

فرحۃ الغری اور بحارالانوار میں طویل اسناد کے ساتھ صفوان نے ابی اسامۃ سے روایت کی ہے کہ اس نے کہا: میں نے ابو عبد اللہ علیہ السلام سے سنا کہ آپ نے فرمایا: کوفہ جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے، اس میں نوح علیہ السلام کی قبر ہے اور ابراہیم علیہ السلام کی قبر ہے اور تین سو انبیاء کی قبریں ہیں، اس میں ستر نبیوں، چھ سو وصیوں اور سید الاوصیاء امیر المومنین علیہ السلام کی قبر ہے۔

تفسیر العیاشی اور بحارالانوار میں ہے کہ ابو عبد اللہ علیہ السلام سے مساجد کی فضیلت کے بارے میں سوال کیا گیا تو آپؑ نے فرمایا: ''مسجد الحرام اور مسجد الرسول ﷺ۔ راوی نے کہا: مسجد الاقصیٰ سے کون سی مسجد مراد ہے (میں آپ پر قربان جاؤں)؟ آپؑ نے فرمایا: ہاں، وہ آسمان میں ہے، (جب رسول اللہ ﷺ کو معراج پر لے جایا گیا)۔ راوی نے کہا: میں نے عرض کیا کہ لوگ کہتے ہیں کہ اس سے بیت المقدس مراد ہے۔ آپؑ نے فرمایا: مسجد کوفہ بیت المقدس سے افضل ہے۔

امالی اور بحارالانوار میں ابو حمزہ ثمالی سے روایت ہے: علی ابن الحسین علیہما السلام مسجد کوفہ میں آئے، دو رکعت نماز پڑھی پھر اپنی سواری پر سوار ہوئے اور چل پڑے۔

بحارالانوار میں ابو حمزہ ثمالی سے روایت ہے کہ اس نے کہا: ایک دن میں مسجد کوفہ کے ساتویں ستون کے ساتھ بیٹھا تھا تو میں نے دیکھا کہ باب کندۃ سے ایک شخص آیا۔ میں نے دیکھا کہ وہ تمام انسانوں میں سے بہت خوبصورت اور چمکتا دمکتا چہرہ والا ہے، اس کے بدن سے خوشبو آرہی ہے، صاف وشفاف لباس پہنا ہوا ہے اور طیلسان (چادر) اور ازار کے بغیر عمامہ پہنا ہوا ہے، قمیض ہے اس پر دراعۃ ہے اور عمامہ ہے اور عربی نعلین پہنی ہوئی ہیں، نعلین کو اُتارا اور ساتویں ستون کے قریب کھڑے ہوئے اور تکبیر کے لیے ہاتھوں کو کانوں تک بلند کیے اور پھر تکبیر کہی۔ بدن کا کوئی بھی حصہ نہیں بچا مگر یہ کہ بال کھڑے ہوگئے، چار رکعت نماز پڑھی پھر رکوع و سجود کیا اور پھر یہ دُعا پڑھی: ''الٰهی ان کنت قد عصیتك فقد اطعتك۔۔۔آخر تک'' اور پھر یہاں پر پہنچے: یا کریم، سجدے میں گر گئے پھر سر اُٹھایا اور جب میں نے غور سے دیکھا اور قریب ہوا تو میرے مولا امام علی زین العابدین علیہ السلام تھے۔ میں نے آپؑ کے ہاتھوں کے بوسے دیے تو آپؑ نے اپنا ہاتھ ہٹا لیا اور فرمایا: خاموش رہو۔ میں نے عرض کیا: مولا! آپ تو مجھے پہچانتے ہیں کہ میں آپ کا شیعہ ہوں، آپ یہاں کیوں آئے ہیں؟ آپؑ نے فرمایا: یہ جو آپ نے دیکھا ہے کہ میں مسجد میں نماز ادا کرنے کے لیے آیا ہوں۔ (میں نے عرض کیا کہ کیا آپ مدینہ سے مسجد کوفہ میں نماز ادا کرنے کے لیے آئے ہیں؟)

بحارالانوار میں عبد اللہ بن الولید سے روایت ہے کہ اس نے کہا: ایک دفعہ مروان کے دور حکومت میں ہم امام حسین علیہ السلام کے پاس آئے۔ آپؑ نے پوچھا: کہاں سے ہو؟ ہم نے کہا: کوفہ سے ہیں۔ آپؑ نے فرمایا: کسی بھی شہر والے (اہل) کوفہ سے زیادہ ہم سے محبت نہیں کرتے ہیں خاص کر یہ جماعت۔ اللہ نے تم کو ایسے امر کی ہدایت دی ہے کہ جس سے لوگ ناواقف ہیں۔ تم نے ہمیں چاہا ہے، ہم سے محبت کی ہے، لوگوں نے ہم سے نفرت کی ہے، تم نے ہماری پیروی کی ہے، لوگوں نے ہماری مخالفت کی ہے، تم نے ہماری تصدیق کی ہے، لوگوں نے ہمیں جھٹلایا ہے۔ اللہ تمہیں ہماری جیسی زندگی اور ہماری جیسی موت دے۔ میں اپنے باباؑ کے بارے گواہی دیتا ہوں کہ وہ فرمایا کرتے تھے: تم میں سے ہر ایک کے درمیان اور کوئی ایسی چیز دیکھ کر جس سے اس کی

آنکھیں روشن ہوں یا اس کو خوشی ہو (اتنا فاصلہ ہے کہ) اس کی جان یہاں تک پہنچے گی (اور آپ نے اپنے حلق کی طرف اشارہ کیا؛ پہنچے تو سکون ملے گا۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن میں ارشاد فرمایا:

''وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ اَزْوَاجًا وَّ ذُرِّيَّةً''[1]

ترجمہ: ''تحقیق ہم نے آپ سے پہلے بھی بہت سے رسول بھیجے اور انہیں ہم نے ازواج اور اولاد سے بھی نوازا'' ہم ہی رسول اللہ ﷺ کی ذریت ہیں۔

ثواب الاعمال اور بحار الانوار میں ہے کہ مفضل نے ابو عبد اللہ سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا: مسجد کوفہ میں پڑھی گئی ایک نماز دوسری مساجد میں پڑھی گئی ہزار نمازوں کے برابر ہے۔

ثواب الاعمال اور بحار الانوار میں ابو بصیر کی اسناد سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: بہترین مسجد مسجد کوفہ ہے، اس میں ہزار نبیوں نے نماز پڑھی، ہزار اوصیاء نے نماز پڑھی، وہیں نوح علیہ السلام کے تنور سے پانی نکلا، وہیں سے سفینہ نوح علیہ السلام چلی، اس کے دائیں جانب رضوان اللہ ہے، وسط میں جنت کا باغ ہے اور بائیں جانب مکر ہے۔

ثواب الاعمال اور بحار الانوار میں ہے کہ محمد بن سنان نے کہا: میں نے امام رضا علیہ السلام سے سنا کہ آپ فرماتے تھے: مسجد کوفہ میں اکیلی نماز دوسری مساجد میں پڑھی گئی ستر نمازوں سے زیادہ فضیلت رکھتی ہے جو جماعت کے ساتھ پڑھی جائیں۔

کامل الزیارات اور بحار الانوار میں اصبغ بن نباتہ کی امام علی علیہ السلام سے روایت نقل ہوئی ہے کہ آپ نے فرمایا: مسجد کوفہ میں نافلہ نماز نبی پاک ﷺ کے ہمراہ عمرہ کرنے کے برابر ہے، فریضہ نماز ادا کرنا نبی پاک ﷺ کے ساتھ حج بجالانے کے برابر ہے، اس میں ہزار نبیوں اور ہزار اوصیاء نے نماز پڑھی۔

[1]۔ سورہ رعد، آیت ۳۸۔

کامل الزیارات اور بحارالانوار میں القلانسی نے ابو عبد اللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا: مسجد کوفہ میں پڑھی گئی ایک نماز دوسری مساجد میں پڑھی گئی ہزار رکعت کے برابر ہے۔

کامل الزیارات اور بحارالانوار میں ابو عبد اللہ علیہ السلام سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا: مکہ اللہ تعالیٰ، رسول اللہ ﷺ اور علی علیہ السلام کا حرم ہے، اس میں پڑھی گئی ایک نماز ایک لاکھ نمازوں کے برابر ہے، اس میں دیا گیا ایک درھم ایک لاکھ کے درھم کے برابر ہے۔ مدینہ اللہ، اللہ کے رسول ﷺ اور علی علیہ السلام کا حرم ہے۔ اس میں پڑھی گئی ایک نماز دس ہزار نمازوں کے برابر ہے اور اس میں دیا گیا ایک درھم دس ہزار درھم کے برابر ہے۔ کوفہ حرم اللہ، حرم رسول اللہ ﷺ اور حرم امیر المومنین علی بن ابی طالب علیہم السلام ہے اور اس میں پڑھی گئی ایک نماز ہزار نمازوں کے برابر ہے۔

کامل الزیارہ اور بحارالانوار میں ابو عبد اللہ علیہ السلام سے روایت ہے: مسجد کوفہ میں ایک درھم خرچ کرنا دوسری جگہوں پر سو درھم خرچ کرنے کے برابر ہے۔ اس میں دو رکعت نماز سو رکعت شمار ہوتی ہے۔ دوسری روایت میں آیا ہے: اس میں ایک درھم خرچ کرنا ہزار درھم شمار ہوتے ہیں۔

یہ مسجد کوفہ کے فضائل کے بارے بے شمار احادیث میں سے کچھ احادیث تھیں جنہیں اختصار کے ساتھ بیان کیا گیا۔ اس بارے مزید تفصیلات کے لیے مسجد کوفہ کی فضیلت کے متعلق فقہاء اور دیگر علماء کی لکھی ہوئی زیارات اور تواریخ کی کتابوں نیز اصول الکافی، کامل الزیارات، ثواب الاعمال، امالی شیخ صدوقؒ، امالی شیخ مفیدؒ اور علل الشرائع کو دیکھا جاسکتا ہے۔

البتہ مسجد کوفہ کی فضیلت کے حوالے سے احادیث میں جو اختلاف ہے اور بعض احادیث میں ہزار آیا ہے اور کچھ میں سو آیا ہے تو اس اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ ان احادیث میں نماز پڑھنے والے کی نیت اور نمازیوں کے حالات کے پیش نظر ان کے ثواب میں بھی اختلاف ہوتا ہے۔

کچھ احادیث میں آیا ہے کہ مسجد کوفہ کے دائیں جانب برکت اور جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے تو اس بارے علامہ مجلسیؒ نے بھی اشارہ کیا ہے کہ اس سے کربلا معلیٰ مراد ہے۔ نیز یہ کہ نجف میں موسیٰ علیہ السلام کا عصاء بھی ہے یعنی اس میں امانت کے طور پر رکھا گیا اور نبی پاک ﷺ نے اس کو لے لیا تھا اور جب امام چاہیں گے تو اس عصاء کو لے لیں گے۔

اصول کافی اور بحار الانوار میں ابو عبیدہ سے روایت ہے کہ ابو جعفر علیہ السلام نے فرمایا: مسجد کوفان جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے۔ اس میں ہزار نبیوں اور ستر انبیاء نے نماز پڑھی، اس کے دائیں جانب رحمت، بائیں جانب مکرۃ، موسیٰ علیہ السلام کا عصاء، شجرۃ الیقطین، سلمانؑ کی انگوٹھی، تنور سے پانی کا نکلنا، کشتی نوح علیہ السلام کا چلنا، صرۃ بابل اور انبیاء کے اجتماع کی جگہ ہے۔ صرۃ بابل سے بابل کے شریف ترین اجزاء مراد ہیں۔ صرۃ اس تھیلی کو کہتے ہیں جس میں نقد پیسے رکھے جاتے ہیں جو انبار میں سے زیادہ کرنے والی چیز ہے اسے اس میں جمع کر کے رکھا جاتا ہے، سین سے بھی آیا ہے یعنی وادیوں میں سے بہترین وادی کو سرۃ کہا جاتا ہے۔

علل الشرائع میں ابو سعید خدری نے رسول اللہ ﷺ سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا: کوفہ جمجمۃ العرب (یعنی عربوں کی کوہان)، اللہ کا نیزہ اور ایمان کا خزانہ ہے۔ ابن الاثیر نے حدیث کے آخر میں لکھا ہے کہ کوفہ آؤ (یعنی کوفہ عربوں کی سردار جگہ ہے۔ جمجمہ سر کو کہتے ہیں اور یہ بدن کی بلند ترین جگہ ہوتی ہے)۔

حدیث کا معنی یہ ہوگا: اللہ تعالیٰ مسجد کوفہ کے ذریعے اس شہر میں رہنے والوں کے مصائب دُور کرتا ہے۔ ایمان کا خزانہ ہے یعنی یہاں پر کامل مومنین کی نشوونما ہوتی ہے، ایمان کے قوانین یہاں سے جاری ہوتے ہیں اور جتنے بھی شہر ہیں ان شہروں میں سب سے زیادہ ہم سے محبت کرنے والے کوفہ ہی میں رہتے ہیں۔ یعنی ایسے لوگ کوفہ میں موجود ہیں جو سب سے زیادہ ہم سے محبت کرتے ہیں۔

مسجد کوفہ میں نماز پڑھنے کی فضیلت

اس بارے جناب حر عاملی نے "وسائل الشیعہ" میں ذکر کیا ہے: حسن ابن علی وابو الصخر نے امیر المومنین علیہ السلام سے مرفوع روایت نقل کی ہے کہ آپ نے فرمایا: تین جگہوں کی طرف لوگوں کو جانا چاہیے: مسجد الحرام، مسجد الرسول ﷺ اور مسجد الکوفہ۔

ابو حمزہ سے روایت ہے کہ اس نے کہا: میں نے علی ابن الحسین علیہما السلام کو دیکھا کہ ایک آدمی باب الثعبان کی طرف سے داخل ہوا اور چار رکعت نماز پڑھی۔ میں ان کے پیچھے گیا تو وہ الرکوۃ کنوئیں پر آیا، دو ناقیں بندھی ہوئی تھیں اور ان کے ساتھ سیاہ غلام تھا تو میں نے ان سے پوچھا کون ہے؟ کہا یہ علی ابن الحسین علیہما السلام ہیں۔ میں ان کے قریب گیا اور سلام کرنے کے بعد عرض کیا کہ اتنی دور جگہ جہاں آپ کے بابا کو قتل کیا گیا کیوں آئے ہیں؟ آپؑ نے فرمایا: میں آیا ہوں یہاں پر زیارت بھی کی اور اس مسجد میں نماز بھی پڑھی ہے، اس وجہ سے آنا ہوا ہے۔

گویا کہ اس مسجد کی اتنی فضیلت ہے کہ امام علی زین العابدین علیہ السلام مدینہ سے آکر یہاں نماز پڑھتے ہیں۔

حنان بن سدیر نے ابو جعفر امام محمد باقر علیہما السلام سے روایت کی ہے کہ اُنہوں نے کوفہ کے رہنے والے ایک آدمی سے کہا: کیا تم اپنی نمازیں مسجد کوفہ میں جاکر پڑھتے ہو؟ اس نے کہا نہیں۔ پھر پوچھا: تمہارے پاس فرات موجود ہے کیا وہاں روزانہ غسل کرتے ہو؟ اس نے کہا: نہیں۔ آپؑ نے فرمایا: جمعہ کے دن غسل کرتے ہو؟ اس نے کہا: نہیں! امامؑ نے فرمایا: مہینے میں کرتے ہو؟ اس نے کہا: نہیں۔ امامؑ نے فرمایا: سال میں ایک دفعہ کرتے ہو؟ اس نے کہا: نہیں۔ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: تم خیر سے محروم ہو۔ پھر پوچھا کیا ہر جمعہ امام حسین علیہ السلام کی قبر کی زیارت پر جاتے ہو؟ کہا: نہیں۔ ہر مہینے؟ کہا: نہیں۔ ہر سال؟ کہا: نہیں۔ تو امام باقر علیہ السلام نے فرمایا: تم ساری خیر سے محروم ہو۔

نجم بن حطیم نے ابو جعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپؑ نے فرمایا: اگر لوگوں کو پتہ ہو کہ مسجد کوفہ میں کیا ہے تو اپنے سارے سامان اکٹھا کرکے سواریاں لے کر یہاں

آتے۔ اس میں امام علیہ السلام نے اس شخص کو یہ سمجھایا کہ تم مسجد کوفہ میں نہیں جاتے ہو، فرات سے غسل نہیں کرتے ہو، امام حسین علیہ السلام کی زیارت نہیں کرتے تو تم ہر خیر سے محروم ہو۔ اس کا مطلب ہے کہ مسجد کوفہ میں نماز پڑھو، فرات سے غسل کرو، امام حسین علیہ السلام کی زیارت کے لیے جاؤ۔ پھر فرمایا: اگر لوگوں کو پتہ چل جائے کہ مسجد کوفہ میں جانے کی کیا فضیلت ہے تو اپنے گھروں سے سواریوں پر بیٹھ کر سامان باندھ کر یہاں پہنچیں۔

مفضل بن عمر نے ابو عبد اللہ علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا: مسجد کوفہ میں پڑھی گئی ایک رکعت نماز دوسری جگہوں میں پڑھی گئی ہزار رکعت نماز کے برابر ہے۔

دوسری روایت ہے کہ ایک درہم کوفہ میں خرچ کریں تو سو کے برابر ہے، دو رکعت پڑھیں تو سو رکعت کے برابر ہے۔

علامہ مجلسیؒ نے مسجد کوفہ کے بارے میں بتایا ہے کہ قیامت کے دن مسجد کوفہ احرام باندھی شکل میں آئے گی اور جس نے دو رکعت نماز یہاں پڑھی ہو گی اس کے حق میں گواہی دے گی۔

عبد اللہ بن مسعود نے رسول اللہ ﷺ سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا: اے ابن مسعود! جب مجھے دنیا کے آسمان پر لے جایا گیا اور مجھے مسجد کوفہ دکھائی گئی تو میں نے جبرئیلؑ سے پوچھا یہ کون سی جگہ ہے؟ جبرئیلؑ نے کہا: مسجد مبارک ہے جس میں بڑی خیر و برکت ہے، اللہ تعالیٰ نے اس مسجد کو مسجد والوں کے لئے انتخاب کیا ہے اور یہ قیامت کے دن اپنے میں نماز پڑھنے والوں کی شفاعت کرے گی۔

مسجد کوفہ کی فضیلت کے بارے میں ہے کہ جس کو کوئی ضرورت ہو، کوئی پریشانی ہو تو اس مسجد میں آئے اور یہاں آکر نماز پڑھے اور حاجت طلب کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری کرتا ہے۔

علامہ مجلسیؒ اور حر عاملیؒ اور دوسروں نے صباح الحذاؒ سے روایت کی ہے کہ اس نے کہا: امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جس کو کوئی حاجت ہو وہ مسجد کوفہ میں آئے، دو رکعت نماز

پڑھے اور ہر رکعت میں سورہ حمد کے بعد سات سورتیں جن میں معوذتین، قل ھو اللہ احد، قل یا ایہا الکافرون، اذا جاء نصر اللہ، سبح اسم ربک الاعلیٰ اور انّا انزلنا پڑھے۔ جب نماز سے فارغ ہو جائے اور سلام پھیرے تو دعا مانگے، انشاء اللہ اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری کرے گا۔

علی ابن الحسن بن فضال کا بیان ہے کہ مجھے ایک بار ایک شخص نے بولا کہ میں نے ایسا کیا تو اللہ تعالیٰ نے میرے رزق میں وسعت دے دی اور مجھے ہر نعمت عطا کر دی، پھر میں نے حج کے لیے دعا کی تو مجھے حج نصیب ہوا اور میں نے ایک اور آدمی کو یہی عمل بتایا تو اس کی حاجت بھی پوری ہوئی اور اس کی روزی بھی بڑھ گئی۔

مسجد کوفہ تمام جگہوں سے بہترین جگہ

علامہ مجلسیؒ اور حر عاملیؒ اور دوسروں نے ابو بکر الحضرمی سے نقل کیا ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام یا امام باقر علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ حرم اللہ اور حرم رسولؐ یعنی مدینہ اور مکہ کے بعد کون سی جگہ سب سے افضل ہے؟ انہوں نے فرمایا: اے ابا بکر! کوفہ، یہ پاک ہے، زکیہ ہے اور اس میں انبیاء اور رسولوں کے علاوہ نیک لوگوں کی، اوصیاء کی، صدیقین کی قبریں ہیں۔ اس میں مسجد سہیل ہے، کوئی بھی نبی نہیں آیا مگر یہ کہ اس نے اس مسجد میں نماز پڑھی۔ یہاں سے اللہ کا عدل پھیلے گا، یہاں سے قائم (عج) آئیں گے اور اس کے بعد عدل نافذ کرنے والے قائم (عج) آئیں گے، یہ انبیاء کی جگہ ہے، اوصیاء کی جگہ ہے، صالحین کا ٹھکانہ ہے۔

بحار الانوار میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا: کوفہ جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے، یہاں نوح علیہ السلام کی قبر ہے، ابراہیم علیہ السلام کی قبر ہے۔ اس میں تین سو نبیوں کی قبریں، چھ سو وصیوں کی قبریں اور تمام اوصیاء کے سردار امیر المومنین علیہ السلام کا حرم مقدس اور ان کی ہجرت کا گھر (یعنی مدینہ سے ہجرت کرے جہاں آئے) ہے۔ جب آپ کی ولایت آسمانوں اور زمین پر پیش کی گئی تو اُن میں سے ساتویں آسمان نے اس کو لبیک کہا، پھر چوتھے آسمان نے اور پھر پہلے نے اور پھر حجاز کی سرزمین نے لبیک کہا اس لیے اس کو حرم الٰہی کا شرف ملا، پھر شام کی سرزمین نے آپ کی ولایت کو قبول کیا تو اس کو بیت المقدس کا شرف ملا اور اس

کے بعد مدینہ طیبہ کی زمین نے ولایت امیر المومنین علیہ السلام کو قبول کیا تو اس کو نبی اکرم ﷺ کی قبر کا شرف ملا، پھر جب کوفان کی زمین نے ولایت علی علیہ السلام کو قبول کیا تو اس کو امیر المومنین علیہ السلام کی قبر کا شرف ملا۔ اس سے موجودہ نجف الاشرف سمیت پورا علاقہ مراد ہوتا ہے۔

مسجد کوفہ جنت کے محلات میں سے ایک محل

وسائل الشیعہ اور بحار الانوار میں ہے: حسن بن محمد الطوسی نے اپنی مجالس میں، اس مئ اپنے بابا سے، اس نے ھلال بن محمد الحفار سے، اس نے اسماعیل بن علی الدعبلی سے، اس نے علی ابن اخی دعبل سے اور اس نے امام رضاؑ سے اور آپ نے اپنے آباء علیہم السلام سے انہوں نے امیر المومنین علیہ السلام سے روایت کی کہ آپ نے فرمایا: دنیا میں چار جگہیں جنت کے محلات ہیں جن میں مسجد الحرام، مسجد الرسولؐ، مسجد بیت المقدس اور مسجد کوفہ شامل ہیں۔

مسجد کوفہ پہلی جگہ جہاں اللہ کی عبادت ہوئی

وسائل الشیعہ اور بحار الانوار میں ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: پہلی جگہ جہاں اللہ کی عبادت کی گئی وہ پشت کوفہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو امر کیا کہ آدم علیہ السلام کے لیے سجدہ کرو تو یہی کوفہ کی پشت ہی تھی کہ جہاں پر آدم علیہ السلام کے لیے سجدہ کیا گیا۔ ملائکہ ہر رات مسجد کوفہ کی طرف آتے ہیں۔ ابن اثبات نے اور دوسروں نے یہ بات بتائی ہے کہ ہر رات ساٹھ ہزار فرشتے ساتویں ستون کے پاس نماز پڑھتے ہیں جو کہ مسجد کوفہ میں آدم علیہ السلام کی جگہ ہے اور پھر قیامت تک وہ واپس پلٹ کر نہیں جاتے۔

جمعہ کے دن ظہر سے پہلے مسجد کوفہ سے باہر نکلنا مکروہ ہے

بحار الانوار میں علامہ مجلسیؒ نے اور جناب حر عاملی نے وسائل الشیعہ میں مکہ اور کوفہ اور حائر الحسینیؑ (کربلا) سے جمعہ کے دن ظہر سے پہلے نکلنے کی کراہت کے بارے میں لکھا ہے: (مقصد ہے نماز جمعہ وہاں ہی ادا کریں، اگر جمعہ کی نماز نہیں ہو رہی تو ظہر کی نماز پڑھ کر نکلیں) محمد بن حسن نے اپی اسناد سے، اس نے محمد بن ابو عمیر سے، اس نے حفص بن بختری سے اس نے ابو عبد اللہ

علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا: جو شخص مکہ اور مدینہ اور مسجد کوفہ اور حائر حسینیؑ سے جمعہ سے پہلے نکلے تو اسے فرشتے آواز دیتے ہیں: اللہ تمہیں واپس نہ پلٹائے، کہاں جا رہے ہو نہ جاؤ!

مسجد کوفہ میں اعتکاف بیٹھنا

حلبی نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے راویت کیا ہے: اعتکاف بہتر نہیں ہوتا مگر یہ کہ مسجد الحرام میں ہو، مسجد الرسولؐ میں ہو، مسجد کوفہ میں یا ایسی مسجد میں جہاں نماز باجماعت ہوتی ہو اور جب تک تم اعتکاف میں ہو تو روزے میں رہو۔

عمر بن یزید نے کہا: میں نے ابو عبد اللہ علیہ السلام سے پوچھا کہ آپ بغداد کی بعض مساجد میں اعتکاف بیٹھنے کے بارے میں کیا کہتے ہیں؟ آپؑ نے فرمایا: اعتکاف نہیں ہوتا مگر اس مسجد میں جس میں عادل آئمہ نماز پڑھاتے ہوں۔ البتہ مسجد کوفہ، مسجد بصرہ مسجد مکہ اور مسجد مدینہ میں اعتکاف ہو سکتا ہے۔

روایت ہوئی ہے کہ اعتکاف نہیں ہوتا مگر اس مسجد میں جس میں نبی یا نبی کا وصی آیا ہو وہ چار مساجد ہیں: مسجد الحرام اور مسجد مدینہ النبیؐ، مسجد کوفہ اور بصرہ کی مسجد، یہ وہ جگہیں ہیں جہاں امیر المومنین علیہ السلام بھی آئے۔ جیسا کہ روایات میں ہے ایسی مسجد جہاں نماز جماعت کے ساتھ ہوتی ہے اس میں بھی اعتکاف ہو سکتا ہے۔

مسجد کوفہ کی قدامت

ہمارے بہت سارے فقہاء نے بتایا ہے ان میں شیخ صدوقؒ محمد بن علی بن موسیٰ بن حسین بن قولویہ القمیؒ (جو بہت ساری کتابوں کے مولف ہیں)؛ اُنہوں نے من لایحضرہ الفقیہ میں لکھا ہے کہ مسجد کوفہ بہت قدیمی جگہ ہے۔ علامہ کبیر السید محمد بن السید عبد الکریم الطباطبائی علیہ الرحمہ؛ جو علامہ الحجہ البالغۃ محمد مہدی بحر العلوم کے جد اور بہت ساری کتابوں کے مصنف ہیں؛ انہوں نے اپنے رسالہ میں لکھا ہے: مسجد کوفہ میں نماز پڑھنے کی بہت زیادہ فضیلت ہے۔ نبی پاک ﷺ نے

فرمایا: جب مجھے آسمان کی جانب لے جایا گیا تو مسجد کوفہ کے قریب سے گزرے تو میں براق پر تھا، جبرئیل علیہ السلام میرے ساتھ تھے،انہوں نے مجھے بتایا کہ یہ کوفان ہے اور یہ کوفان کی مسجد ہے، اس جگہ اُتریں اور نماز پڑھیں۔ میں اُترا اور نماز پڑھی، جبرئیل علیہ السلام سے پوچھا یہ کون سی جگہ ہے تو انہوں نے کہا کہ یہ کوفان ہے اور یہ کوفان کی مسجد ہے اور اس نے بتایا کہ میں نے اس مسجد کو بیس دفعہ ویران ہوتے ہوئے دیکھا اور بیس دفعہ آباد ہوتے ہوئے دیکھا اور ہر دفعہ کے درمیان پانچ سو سال تھے۔ یہ سن کر براق نے کہا کہ دیکھو مسجد کوفہ کتنی پرانی ہے۔ جبرئیل علیہ السلام کی اس بات کہ دو صورتیں بن سکتی ہیں، پہلی یہ کہ جبرئیل علیہ السلام نے اس مسجد کو دیکھا آدم علیہ السلام کی خلقت سے پہلے، اور یہ بیس ہزار سال بنتا ہے۔ تو یہ وہی بات ہے جس کو ہم نے بتایا ہے کہ یہ جگہ حضرت آدم علیہ السلام سے پہلے فرشتوں کی عبادت کی جگہ تھی۔

دوسری صورت یہ ہے کہ جب آدمؑ کو خلق کیا گیا تو اس زمانے سے لے کر ہمارے نبیؐ کے زمانے تک یہ مسجد بیس بار ویران اور آباد ہو گئی۔ حضرت آدمؑ کی خلقت سے ہمارے نبیؐ کی آمد تک چھ ہزار سال بنتے ہیں، مورخین اور اہل سیر واخبار کا اس بات پر اتفاق ہے، ہر بات میں تھوڑا اختلاف ہے یعنی چھ ہزار سال سے دو سال اوپر، بعض نے سو سال اوپر کہا ہے، بعض نے کم بعض نے زیادہ کہا ہے اور سید نے اپنے کتابچہ میں لکھا ہے کہ اس مسجد کا نقشہ ابو البشر آدمؑ نے بنایا جیسا کہ جبرئیلؑ کی حدیث میں ہے اور یہ اس بات سے منافات نہیں رکھتا جو ہم نے بنایا ہے کہ آدمؑ نے اس کا نقشہ بنایا تھا جو مشہور ہے کہ آدمؑ کی خلقت سے پہلے ہمارے نبیؐ تک چھ ہزار سال یا اس سے قریب ہیں۔ اگر یہ مسجد آدم علیہ السلام کے زمانے میں بنائی گئی تو جبرئیلؑ نے اس وقت دیکھا ہو گا ہمارے نبیؐ کے زمانے تک بارہ مرتبے بنتے ہیں اور باقی جو اٹھائیس مرتبے ہیں وہ فرشتوں اور جنات کا زمانہ بنتا ہے حضرت آدمؑ سے پہلے اور دونوں زمانوں میں اس کی عمارت اور آبادی عبادت مراد ہے۔ یا پھر اس کی ظاہری تعمیر تھی۔ تو اس سے معلوم ہوا کہ مسجد کوفہ ہمارے بابا آدمؑ سے پہلے اُن کی خلقت سے ہزاروں سال پہلے موجود تھی اور فرشتوں کی عبادت کی جگہ تھی اور جن کو اللہ تعالیٰ نے خلق کیا ان کی جگہ تھی۔

مسجد کوفہ کی سب سے پہلے بنیاد

مسجد کوفہ کو سب سے پہلے حضرت آدم علیہ السلام نے بنایا وہی مشہور و معروف ہے۔ البتہ فرشتے اس کی تعمیر سے پہلے ہی یہاں عبادت کرتے تھے۔ نبی پاک ﷺ کے لیے جو جبرئیل علیہ السلام نے بات کی ہے کہ میں نے اسے ویران دیکھا پھر آباد دیکھا تو اس آبادی سے مراد اللہ کے حکم سے فرشتوں نے اسے آباد کیا اور پھر دوبارہ اسے حضرت آدم علیہ السلام نے آباد کیا۔

البراقی کی بات ہماری کہی ہوئی بات کی تائید کرتی ہے جس میں انہوں نے کہا ہے: مسجد کوفہ کا نقشہ حضرت آدم علیہ السلام نے بنایا اور اس بارے بہت ساری روایات ہیں۔ السید طباطبائی نے لکھا ہے: اس وقت جو مسجد ہے اس سے کئی گنا بڑی مسجد تھی۔

شیخ صدوق علیہ الرحمہ نے کتاب من لا یحضرہ الفقیہ میں اور علامہ مجلسیؒ نے بحار الانوار میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے یہ بات نقل کی ہے کہ مسجد کوفہ کی حد سراجین کے آخر تک ہے جس کو آدم علیہ السلام نے کھینچا تھا اور میں ناپسند کرتا ہوں کہ وہاں سے میں سواری پر گزروں۔ پوچھا گیا کہ اس نقشہ کو تبدیل کس نے کیا ہے؟ انہوں نے کہا: پہلی بار جو تبدیلی ہوئی وہ حضرت نوح علیہ السلام کے طوفان سے ہوئی پھر اس کے علاوہ کسریٰ والوں نے کی، نعمان بن منذر نے کی، پھر زیاد بن ابی سفیان نے کیا۔ اور وہ آدمی جو گزر چکا ہے جس نے امیر المومنین علیہ السلام سے سوال کیا تو امامؑ نے کہا: اپنی سواری بیچو اور راستے کا کھانا پینا جو بنایا ہے وہ بھی کھاؤ پیؤ اور مسجد کوفہ میں پہنچو۔ پھر فرمایا کہ اس کی برکات بارہ میل تک پھیلی ہوئی ہیں جس طرف سے تم آؤ۔ جس نے اس کو بنایا تھا تو ہزار ہاتھ اس کی بنیاد تھی۔

بحارالانوار میں روایت ہے کہ مسجد کوفہ مسلمانوں کی چار مساجد میں سے چوتھی مسجد ہے۔ یہاں دو رکعت نماز دس رکعت کے برابر ہے، یہیں سے کشتیٔ نوح علیہ السلام چلی اور اس کے درمیان سے تنور سے پانی نکلا اور اس کی دائیں جانب برکت ہے، بارہ میل جس طرح سے تم آؤ، یعنی مربع میل (بارہ ہزار ہاتھ) جو ان کے زمانے میں تھی۔

بحار الانوار میں حذیفہ کی سند سے روایت ہے: اللہ کی قسم! یہ جو تمہاری مسجد ہے چار مساجد میں سے ایک ہے، مسجد الحرام، مسجد المدینہ، مسجد الاقصیٰ اور مسجد الکوفہ۔ اس کے دایاں کونہ جو ابواب کندہ کے پیچھے ہے جہاں سے تنور سے پانی نکلا اور ساریہ یعنی پانچواں ستون جو مسجد کے صحن میں ہے اور مسجد کی دائیں جانب ہے اور کندہ کے دروازے جو تھے ان کی جانب ہے اور ابراہیم علیہ السلام کا مصلیٰ ہے اور اس کے درمیان سے کشتیٔ نوح علیہ السلام چلی۔ میں یہاں دو رکعت نماز پڑھوں تو میرے لیے زیادہ محبوب ہے کہ میں دوسری جگہ دس رکعت پڑھوں۔ اس کی پہلی بنیاد بارہ ہزار ہاتھ تھی اس سے یہ کم کر دی گی ہے، اسی سے برکت ہے بارہ مربع میل یعنی جس جانب سے بھی آؤ۔

اصول کافی اور بحارالانوار میں ابن البطائنی نے ابو بصیر سے، اس نے امام جعفر صادق علیہ السلام روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا: بہترین مسجد مسجد کوفہ ہے، اس میں ہزار نبیوں اور ہزار وصیوں نے نماز پڑھی، یہیں سے تنور سے پانی نکلا، کشتی چلی اور اس کے دائیں جانب رضوان، وسط میں جنت کا باغ، بائیں جانب مکر الٰہی۔ راوی نے کہا: میں نے عرض کیا کہ اس سے کیا مراد ہے کہ اس کی بائیں جانب مکر ہے۔ مکر سے مراد کیا ہے؟ آپؑ نے فرمایا: اس سے مراد شیاطین کے ٹھکانے ہیں۔ پھر فرمایا: امیر المومنین علیہ السلام مسجد کے دروازے پر کھڑے ہوتے تھے پھر اپنے تیر کو چلایا جو کہ تمارین کی جگہ میں جا گرا تو فرمایا یہ مسجد سے ہے۔ پھر فرمایا کہ مسجد کی اساس سے اس کو کم کر دیا گیا ہے یہ چو کور تھی۔

تفسیر العیاشی اور بحارالانوار میں مفضل بن عمر کی روایت ہے کہ اس نے کہا: میں ابو عبد اللہ امام جعفر صادق علیہ السلام کے ساتھ تھا کہ علی ابو العباس آئے۔ جب کناسہ میں پہنچے تو میں نے اپنی بائیں جانب دیکھا تو آپ نے فرمایا: مفضل! یہ وہ جگہ ہے جہاں میرے چچا زید کو پھانسی دی گئی۔ پھر تھوڑا گزرے اور طاق (الزیاتین) جو سراجین کی آخری جگہ ہے اتر پڑے اور کہا یہ مسجد کوفہ ہے جو حضرت آدم علیہ السلام نے نقشہ بنایا تھا اور میں یہاں سے سواری پر بیٹھ کر جانے کو ناپسند کرتا ہوں۔ میں نے پوچھا: کس نے اس کو بدلا؟ آپؑ نے فرمایا: پہلا تو نوح علیہ السلام کے زمانے میں

طوفان آیا پھر اس کو اصحاب کسریٰ نے، نعمان بن منذر نے اور پھر زیاد بن ابی سفیان نے بدلہ۔ راوی نے کہا: میں نے پوچھا: آپ پر قربان جاؤں! مسجد کوفہ اور یہ جگہ نوح علیہ السلام کے زمانے میں موجود تھی؟ آپؑ نے فرمایا: ہاں، مفضل! یہ نوح علیہ السلام کا گھر تھا۔ ان کی قوم کوفہ کی مغربی جانب اسی فرات کے کنارے تھے۔ نوح علیہ السلام نجار تھے۔ اللہ تعالیٰ نے اُنہیں رسول بنا کر بھیجا۔ نوح علیہ السلام نے کشتی بنائی جو پانی پر تیری۔ نوح علیہ السلام اپنی قوم میں ساڑھے نو سو سال رہے، انہیں ہدایت کی دعوت دیتے رہے۔ لوگ ان کا مذاق اڑاتے تھے۔ حضرت نوح علیہ السلام نے اُن پر بددُعا کی: ''رب لاتذر علی الارض من الکافرین دیارا'' اور کہا: ولا یلدوا الا فاجرا کفارا۔ تو اللہ تعالیٰ نے کہا ہماری وحی کے مطابق ہماری آنکھوں کے سامنے کشتی بناؤ۔ انہوں نے اپنے ہاتھوں سے مسجد کوفہ میں کشتی تیار کی۔ مفضل نے کہا جب فارغ ہوئے اور ابو عبداللہ علیہ السلام کی بات یہاں رک گئی تو زوال ہو گیا۔ نماز ظہر ادا کی پھر عصر ادا کی اور پھر مسجد سے چل پڑے۔ پھر بائیں جانب دیکھا اور دارین کے گھر کی طرف اشارہ کیا اور فرمایا: یہ دار ابن حکیم کے گھر کی جگہ ہے جو آج فرات ہے۔ پھر امامؑ نے فرمایا: اے مفضل! یہاں پر نوح علیہ السلام کی قوم کے بت یغوث اور یعوق اور نسر رکھے ہوئے تھے۔ پھر چلے اور اپنی سواری پر بیٹھے تو میں نے پوچھا: نوح علیہ السلام کی کشتی کتنے عرصے میں بنی اور کب فارغ ہوئے؟ آپ نے فرمایا: دورین۔ ایک دوران کتنے کا ہے؟ آپ نے فرمایا ۸۰ کا۔ راوی نے کہا کہ میں نے عرض کیا: عام لوگ تو کہتے ہیں کہ پانچ سو سال؟ آپ نے فرمایا: نہیں یہ کس طرح ہو سکتا ہے جبکہ اللہ کی قسم، خدا کہتا ہے ووحینا۔

مفضل نے ابو عبداللہ سے پوچھا: یہ جو اللہ کا قول ہے: ''حتی اذا جاء أمرنا وفار التنور'' یہ تنور کیا ہے؟ اس کی جگہ کون سی ہے اور وہ کیسا تھا؟ آپ نے فرمایا: تنور اس طرح ہے جو میں نے تم کو بتایا ہے وہیں سے پانی نکلنا شروع ہوا، وہ تنور ہے۔ جی ہاں! اللہ تعالیٰ نے چاہا کہ نوح علیہ السلام کی قوم کو نشانی دکھائے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے بارش بھیجی، سیلاب آیا، فرات چھلک پڑا اور سارے چشمے اُبل پڑے اور اللہ تعالیٰ نے اُن سب کو غرق کیا اور نوح علیہ السلام کو بچالیا اور کشتی میں جو سوار تھے ان کو بھی بچا لیا۔ راوی نے پوچھا: نوح علیہ السلام اور اس کے ساتھ جو لوگ تھے کشتی میں کتنا

عرصہ پانی میں رہے؟آپؑ نے فرمایا: سات دن رات۔ اور بیت اللہ کا بھی طواف کیا اور پھر کشتی کوہ جودی پر آکر ٹھہری۔ جودی فرات کا کنارہ ہے۔ راوی نے کہا کہ میں نے عرض کیا: مسجد کوفہ بہت قدیمی ہے؟ امامؑ نے فرمایا: ہاں، یہ انبیاء کی نماز کی جگہ ہے، اس میں رسول اللہ ﷺ نے بھی نماز پڑھی جب جبرئیل علیہ السلام اُنہیں براق پر لے جارہے تھے اور جب دارالسلام پر پہنچے اور دارالسلام کوفہ کی پشت پر ہے اور وہ بیت المقدس جانے کا ارادہ رکھتے تھے تو کہا یا محمدؐ! یہ مسجد تیرے بابا آدمؑ کی ہے اور انبیاء کی نماز پڑھنے کی جگہ اترو اور یہاں نماز پڑھو۔ رسول اللہ ﷺ اُترے اور نماز پڑھی اور پھر وہاں سے بیت المقدس کی جانب چلے اور وہاں نماز پڑھی اور جبرئیل علیہ السلام وہاں سے آسمان کی طرف گئے۔ اس سے واضح ہوتا ہے کہ مسجد کوفہ قدیمی ہے اور اس کی فضیلت بہت زیادہ ہے۔ آدم علیہ السلام نے اس کا نقشہ بنایا تھا اور اس کے بعد انبیاء یہاں آتے رہے نمازیں پڑھتے رہے اور یہ بہت عظمت والی مسجد ہے اور بارہ ہزار ذراع تھی یا اس سے کچھ کم یا اس سے کچھ زیادہ جو کہ پیچھے ہم بیان کر آئے ہیں۔

مسجد کوفہ امام مہدیؑ کے فیصلوں کی جگہ

بحارالانوار میں علامہ مجلسیؒ نے اسعد بن الاصبغ سے اور انہوں نے امام ابو عبد اللہ جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے: جس کا کوفہ میں کوئی گھر ہو تو اسے سنبھال کر رکھے۔ مفضل بن عمر نے ابو عبد اللہ امام جعفر صادق سے روایت کیا ہے کہ: جب ہمارے قائم (عج) قیام فرمائیں گے تو کوفہ کی پشت پر ایک مسجد بنائیں گے، ایسی مسجد جس کا ایک ہزار دروازہ ہوگا اور کوفہ کے گھر کربلاء کی نہر کے ساتھ مل جائیں گے۔ ایک آدمی جمعہ کے روز اپنی سواری پر آئے گا اور جمعہ پر نہیں پہنچ سکے گا۔

ابو جعفر امام باقر علیہ السلام سے روایت ہے: جب امام مہدی (عج) کوفہ میں داخل ہوں گے تو لوگ کہیں گے یا بن رسول اللہ ﷺ! آپ کے پیچھے نماز برابر ہے رسول اللہ ﷺ کے پیچھے نماز پڑھنے کے اور یہ مسجد تو کافی نہیں ہے۔ آپؑ نجف کی طرف نکلیں گے اور ایک مسجد کے لیے لکیر کھینچیں گے اور اس کا ہزار دروازہ ہوگا جو لوگوں کی گنجائش کے مطابق ہوگا اور امام حسین علیہ السلام کی

قبر مبارک کے پیچھے ایک نہر چلائیں گے جو غریٰ (کربلا) سے ہوتی ہوئی نجف تک آئے گی اور اس کے اوپر پل بنائیں گے اور راستے میں پن چکیاں لگائیں گے۔

"جوامع الکلم" میں حبۃ العرنی سے روایت ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام حیرۃ کی طرف گئے۔ پھر فرمایا کہ یہ جگہ اور اپنے ہاتھ سے اشارہ کیا کوفہ اور حیرۃ مل جائیں گے۔ ایک ہاتھ دو دینار میں حیرۃ میں مسجد آئے گی۔ اس کے پانچ سو دروازے ہوں گے اور اس میں خلیفۃ القائم یعنی امام مہدی (عج) نماز پڑھائیں گے۔ کوفہ کی مسجد تنگ پڑ جائے گی اور اس میں بارہ امام عادل نماز پڑھائیں گے۔ راوی کہتا ہے کہ میں نے عرض کیا: یا امیر المومنین علیہ السلام! مسجد کوفہ میں گنجائش ہو گی جو اس طرح لوگ اس کے بارے میں بیان کرتے ہیں؟ امامؑ نے فرمایا: ان کے لیے چار مساجد بنائی جائیں گی، کوفہ ان سب سے چھوٹی مسجد ہو گی، دو مساجد مسجد کوفہ کے رستے پر اس طرف ہوں گی یعنی جو بصریوں اور غریین کی نہر کی جانب؛ ہاتھ سے اشارہ کیا۔

ابو جعفر امام باقر علیہ السلام نے فرمایا: جب قائم (عج) قیام کریں گے تو مکہ میں ٹھہریں گے اور پھر کوفہ کی طرف جائیں گے اور پھر آواز دینے والا آواز دے گا اپنے ساتھ کچھ کھانا پینا لینے کی ضرورت نہیں ہے۔ موسیٰ علیہ السلام کا جو پتھر تھا وہ اپنے پاس رکھیں گے اور وہ ایک اونٹ کا وزن ہے، کسی بھی جگہ نہیں آئیں گے مگر اس سے چشمہ پھوٹے گا جو بھوکا ہو گا وہ سیر ہو جائے گا، پیاسا سیر اب ہو جائے گا اور اس طرح وہ نجف میں اُتریں گے کوفہ کی پشت پر۔

اسی کتاب میں جابر سے روایت ہے کہ ابو جعفر امام باقر علیہ السلام نے فرمایا: قائم (عج) انطاکیہ سے قیام شروع کریں گے اور وہاں کے غار سے موسیٰ علیہ السلام کا عصاء اور تورات نکالیں گے، سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی نکالیں گے، سب سے زیادہ خوش بخت کوفہ والے ہیں۔ مہدی (عج) کو مہدی اس لیے کہا گیا ہے کیونکہ وہ چھپے ہوئے امر کی طرف راہنمائی کریں گے۔ اللہ تعالیٰ ان کے پاس ایک بندے کو بھیجے گا، لوگ اس کو نہیں جانتے ہوں گے کہ اس کو قتل کر دیں گے۔ اس حد تک ہو جائے گا کہ لوگ اپنے گھر میں بات کرتے ہوئے ڈریں گے کہ دیواریں ان کے بارے میں گواہی دیں گی۔ یعنی وہ اپنے علم کی بنیاد پر اس بندے کو قتل کر دیں گے اس کا جرم ایسا ہو گا۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: میں دیکھ رہا ہوں قائم علیہ السلام کو کہ وہ کوفہ کے منبر پر ہیں، اُن کے گرد اُن کے تین سو تیرہ خاص اصحاب (بدر والوں کی تعداد کے برابر) ہیں۔ یہ سارے پرچم دار اللہ کی زمین میں اللہ کی مخلوق پر حکمران ہوں گے۔ آپؑ اپنی قباء سے رسول اللہ ﷺ کا لکھا ہوا عہد نامہ نکالیں گے جس پر سونے کی مہر لگی ہوئی ہوگی۔ لوگ اس طرح آپ کی طرف بھاگے بھاگے آئیں گے جیسے بھیڑ بکریاں آتی ہیں (یعنی بہت زیادہ لوگ آپ کی جانب اُمڈ آئیں گے کوئی بھی نہیں بچے گا)۔ ان میں سے وزیر (عیسیٰ بن مریم اور سلمان الفارسی) اور گیارہ نقیب (جو موسیٰ بن عمران علیہم السلام کے ساتھ تھے) پوری زمین کا دورہ کریں گے اور کوئی بھی مذہب نہیں رہے گا مگر وہ مذہب پلٹ آئے گا ان کی طرف۔ کوئی ایسی بات نہیں رہے گی کہ جس کا انکار کیا جائے یعنی سب اسلام کی طرف آجائیں گے۔ اس وقت یہ کوفہ امام مہدی (عج) کی حکومت کا مرکز بنے گا اور لوگ آپؑ کی طرف دوڑے دوڑے آئیں گے۔

مسجد کوفہ کے اعمال

مسجد کوفہ کے بہت سارے اعمال ہیں جو مفاتیح الجنان، مصباح الزائر اور زیارات کی دیگر کتابوں میں بیان ہوئے ہیں۔

مصباح الزائر میں ہے کہ مسجد کوفہ میں داخل ہوتے وقت یہ دعا پڑھی جائے:

"بِسْمِ اللّٰهِ، وَبِاللّٰهِ، وَفِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَعَلَى مِلَّةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ، اللّٰهُمَّ أَنْزِلْنِي مُنْزَلاً مُبارَكاً وَأَنْتَ خَيرُ الْمُنْزِلِينَ"

اور جب مسجد میں پہنچ جائیں تو یہ دعا ہے پڑھیں:

"اللّٰهُ أَكبَرُ، وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَسُبْحانَ اللّٰهِ"

جب مسجد کے دروازے پر پہنچ جائیں تو دروازے پر کھڑے ہو کر پڑھیں:

"السَّلامُ عَلَى سَيدِنا رَسُولِ اللّٰهِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَآلِهِ الطّاهِرِينَ، السَّلامُ عَلَى أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ عَلِي بْنِ أَبِي طالِبٍ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكاتُهُ، وَعَلَى مَجالِسِهِ وَمَشاهِدِهِ وَمَقامِ حِكمَتِهِ وَآثارِ

آبائِهِ آدَمَ وَنُوحٍ وَإِبْراهِيمَ وَإِسْماعِيلَ وَتِبْيانِ بَيِناتِهِ، السَّلامُ عَلَى الْإِمامِ الْحَكِيمِ الْعَدْلِ الصِّدِّيقِ الْأَكْبَرِ الْفارُوقِ بِالْقِسْطِ الَّذِى فَرَّقَ اللّٰهُ بِهِ بَيْنَ الْحَقِّ وَالْباطِلِ، وَالْكُفْرِ وَالْإِيمانِ، وَالشِّرْكِ وَالتَّوْحِيدِ لِيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْ بَيِّنَةٍ، وَيَحْيى مَنْ حَىَّ عَنْ بَيِّنَةٍ؛ أَشْهَدُ أَنَّكَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ، وَخاصَّةُ نَفْسِ الْمُنْتَجَبِينَ، وَزَيْنُ الصِّدِّيقِينَ، وَصابِرُ الْمُمْتَحَنِينَ، وَأَنَّكَ حَكَمُ اللّٰهِ فِى أَرْضِهِ، وَقاضِى أَمْرِهِ، وَبابُ حِكْمَتِهِ، وَعاقِدُ عَهْدِهِ، وَالنَّاطِقُ بِوَعْدِهِ، وَالْحَبْلُ الْمَوْصُولُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ عِبادِهِ، وَكَهْفُ النَّجاةِ، وَمِنْهاجُ التُّقى، وَالدَّرَجَةُ الْعُلْيا، وَمُهَيْمِنُ الْقاضِى الْأَعْلى، يا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، بِكَ أَتَقَرَّبُ إِلَى اللّٰهِ زُلْفى، أَنْتَ وَلِيِّى وَسَيِّدِى وَوَسِيلَتِى فِى الدُّنْيا وَالْآخِرَةِ۔"

پھر باب الثعبان سے مسجد میں داخل ہو جائیں اور یہ ذکر پڑھیں:

"اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، هٰذا مَقامُ الْعائِذِ بِاللّٰهِ، وَبِمُحَمَّدٍ حَبِيبِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ، وَبِوِلايَةِ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ وَالْأَئِمَّةِ الْمَهْدِيِّينَ الصَّادِقِينَ النَّاطِقِينَ الرَّاشِدِينَ الَّذِينَ أَذْهَبَ اللّٰهُ عَنْهُمُ الرِّجْسَ وَطَهَّرَهُمْ تَطْهِيراً، رَضِيتُ بِهِمْ أَئِمَّةً وَهُداةً وَمَوالِىَ، سَلَّمْتُ لِأَمْرِ اللّٰهِ، لَاأُشْرِكُ بِهِ شَيْئاً، وَلَا أَتَّخِذُ مَعَ اللّٰهِ وَلِيّاً، كَذَبَ الْعادِلُونَ بِاللّٰهِ وَضَلُّوا ضَلالاً بَعِيداً، حَسْبِىَ اللّٰهُ وَأَوْلِياءُ اللّٰهِ، أَشْهَدُ أَنْ لَاإِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَاشَرِيكَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ، وَأَنَّ عَلِيّاً وَالْأَئِمَّةَ الْمَهْدِيِّينَ مِنْ ذُرِّيَّتِهِ عَلَيْهِمُ السَّلامُ أَوْلِيائِى وَحُجَّةُ اللّٰهِ عَلَى خَلْقِهِ"

پھر مقام ابراہیم علیہ السلام میں جائیں جو باب الثعبان کے قریب ہے۔ وہاں پر چار رکعت نماز پڑھیں۔ دو رکعت میں سورہ حمد کے بعد قل ھو اللہ احد اور دو رکعت میں سورہ حمد کے بعد سورہ انا انزلنا پڑھیں۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد تسبیح حضرت زہرا سلام اللہ علیہا پڑھیں اور پھر یہ دعا پڑھیں:

"السَّلامُ عَلَى عِبادِ اللّٰهِ الصَّالِحِينَ الرَّاشِدِينَ الَّذِينَ أَذْهَبَ اللّٰهُ عَنْهُمُ الرِّجْسَ وَطَهَّرَهُمْ تَطْهِيراً، وَجَعَلَهُمْ أَنْبِياءَ مُرْسَلِينَ، وَحُجَّةً عَلَى الْخَلْقِ أَجْمَعِينَ، وَسَلامٌ عَلَى الْمُرْسَلِينَ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ

رَبِّ الْعالَمِینَ، ذٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ" پھر سات مرتبہ کہیں: "سَلامٌ عَلَى نُوحٍ فِي الْعالَمِينَ" پھر اس کے بعد یہ ذکر پڑھیں:

